# افکار واخبار

## مجلس شوریٰ میں شمولیت مزید چند اہل علم وارباب اخلاص کی نظر میں

۱) بزرگانہ توجہات اور دعا | اللہ رب العزت نے آپ کو اس نازک دور میں ملک وملت کی خدمت کا موقعہ عطا فرمایا
ازراہ کرم قادیانیوں کے متعلق جو مطالبات عرضداشت میں درج کیے گئے ہیں ۔ وفاقی مجلس شوریٰ کے آنے والے
سیشن میں ان مطالبات کی بھرپور حمایت فرما کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل فرمایئے
(حضرت مولانا) فقیر خان محمد امیر مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

۲) قادیانیت کے سلسلہ میں آئینی ترمیم کی بحالی کے متعلق آپ حضرات کی مساعی کا بھی بہت بہت شکریہ جزاک اللہ تعالیٰ
خیرالجزاء ۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کی مساعی کو قبول فرمائے ۔ اور اس دور کے فتن سے دین حقہ اسلام کی
خدمت وصیانت کی مزید براں توفیق رفیق گردانے ۔ آمین

تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۷۴ء میں تو آپ براہ راست شریک رہے ہیں ملت اسلامیہ کے موقف کی تیاری میں آپ
بھرپور حصہ ہے ۔ آپ پر اس موقف کی حفاظت کی ذمہ داری بھی آپ کا اپنا فرض ہے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس
فریضہ کی ادائیگی کی کما حقہ توفیق نصیب فرمائے ۔ آمین فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ خانقاہ سراجیہ کندیاں (دعائیہ ایک
طویل مکتوب گرامی کا اقتباس)

۳) ختم نبوت آرڈیننس پر اظہار تشکر | مجلس تحفظ ختم نبوت کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۲۵-۲-۸۳ء کو
حضرت الامیر مولانا خان محمد دام مجدہم کندیاں شریف کی صدارت میں منعقد ہوا جس کی کارروائی آں جناب کے مطالعہ کے
لئے ارسال خدمت ہے ۔

اجلاس نے آپ حضرات کی کوششوں پر اظہار تشکر کیا ۔ قرارداد ۶ جناب توجہ فرمائیں ۔
امید ہے کہ شوریٰ کے آئندہ اجلاس میں بھرپور کوشش فرمائیں گے ۔ بندہ اس اجلاس سے قبل شرف زیارت حاصل
کرے گا ۔ اگر ہو سکے تو حضرت استاذ العلماء دامت برکاتہم کی خدمت میں سلام اور دعا کے لئے عرض کر دیں ۔
دعاگو محمد شریف جالندہری دفتر ختم نبوت ملتان ۔

منظور شدہ قرارداد ۶ کا متن یہ ہے :- ۶ ۔ یہ اجلاس صدر مملکت اور ان کے رفقاء خصوصاً راجہ ظفر الحق